علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی۔اے	سمسٹر: بہار 2009ء
پرچہ: آبادی اور ترقی (465)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۔1	**(الف) خالی جگہ پُر کریں۔** ۱۔ ہمارے ملک میں ٹرانسپورٹیشن کا سٹ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوگئی ہے۔ ۲۔ عورتوں اور مردوں کی تنخواہوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پایا جاتا ہے۔ ۳۔ ترقی پذیر ممالک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ توانائی کے حصول کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ ۴۔ پاکستان میں فی ہاؤسنگ یونٹ افراد کی تعداد مسلسل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ ۵۔ ملک کی آبادی اُس کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی حیثیت رکھتی ہے۔	(5)
	(ب) صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۔ سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے ترقیاتی منصوبے نامکمل رہ جاتے ہیں۔ ص/غ ۲۔ موجودہ دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ اضافہ آبادی ہے۔ ص/غ ۳۔ نئی ٹیکنالوجی کی وجہ سے پوری دنیا میں جنگلات بڑھ رہے ہیں۔ ص/غ ۴۔ پاکستان میں خواندگی کے معیار کے لحاظ سے صوبہ سرحد سرفہرست ہے۔ ص/غ ۵۔ زرعی لیبر کسی نہ کسی طرح صنعت سے بھی وابستہ ہوتے ہیں۔ ص/غ	(5)
	(ج) سوالوں کے مختصر جوابات دیں۔ ۱۔ آبادی میں تبدیلی کے محرکات کون کون سے ہیں؟ ۲۔ بہبود آبادی کے تین مختلف نام لکھیے۔ ۳۔ جدید ٹرانسپورٹ کی چار خوبیاں بتائیے۔ ۴۔ خواتین کی تعلیم کیوں ضروری ہے؟ ۵۔ دہشت گردی سے آبادی پر ہونے والے دو منفی اثرات لکھیے۔	(10)
سوال نمبر۔2	آبادی میں ہونے والے اضافے سے معاشرتی و معاشی ترقی پر پڑنے والے اثرات بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	قدرتی وسائل کی مختلف اقسام بیان کریں نیز ان کی ملکی اور بین الاقوامی صورتِ حال بتائیے۔	(20)
سوال نمبر۔4	مین پاور کا مفہوم بیان کریں۔ پاکستان میں مین پاور کی کیا اہمیت ہے؟	(20)
سوال نمبر۔5	زرعی مزدوری کی اقسام بتائیے اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے خوراک پر اثرات بتائیے۔	(20)
سوال نمبر۔6	ہاؤسنگ کے معاشرتی و معاشی پہلو کی اہمیت بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔7	بڑے شہروں کے مسائل بیان کیجیے۔	(20)
سوال نمبر۔8	**مندرجہ ذیل میں سے دو پر جامع نوٹ لکھیے:** ۱۔ بہبود آبادی اور ترقی کا باہمی تعلق ۲۔ معاشرہ میں خواتین کے حقوق ۳۔ کمیونی کیشن اور ترقی کا باہمی تعلق	(20)

****